# علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

## شعبہ ابلاغ عامہ

**کورس: تعلقات عامہ (9259/9404)** **سمسٹر: خزاں 2026**

**سطح: بی ایس**

درسی مواد برائے طلبہ

عزیز طلبہ ! السلام علیکم۔

کورس: تعلقات عامہ کے تعلیمی سفر کے آغاز پر نیک خواہشات قبول کریں۔ کورس کے مطالعہ کے دوران درج ذیل نکات مد نظر رکھنے سے آپ کی تعلیم زیادہ بامقصد ہو سکتی ہے۔

مشق حل کرتے وقت کتب خانوں میں بھی متعلقہ دیگر کتب کا مطالعہ کریں۔

اس کے علاوہ صحافت کے عملی پہلوؤں کا تنقیدی جائزہ لینا بھی آپ کے لیے بے حد ضروری ہے۔ ہمارا مشورہ ہے کہ اخبارات اور میگزین کا مطالعہ باقاعدگی سے کریں اور ان میں موجود مواد کی نوعیت کو اپنی درسی کتاب میں بیان کئے گئے صحافت کے اصولوں کی روشنی میں دیکھنے کی کوشش کریں۔

ڈاکٹر شاہد حسین

کورس رابطہ کار

# علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

## شعبہ ابلاغ عامہ

**وارننگ**

عزیز طلبہ! آپ یہ بات ذہن نشین کر لیں کہ

1۔ اگر آپ اپنی امتحانی مشق میں کسی اور کی تحریر میں سے مواد چوری کر کے لکھیں گے یا آپ اپنی امتحانی مشق کسی دوسرے طالب علم سے لکھوائیں گے تو آپ سرٹیفکیٹ یا ڈگری سے محروم ہو سکتے ہیں خواہ اس کا علم کسی بھی مرحلہ پر ہو جائے۔

2۔ کسی دوسرے طالب علم سے ادھار لی گئی یا چوری کی گئی امتحانی مشق پر علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد کی "مواد کی چوری "Plagiarism" پالیسی کے مطابق سزا دی جائے گی۔

**کورس: تعلقات عامہ (9259/9404)** **سمسٹر: خزاں، 2026**

**سطح: بی ایس**

**برائے مہربانی امتحانی مشقیں حل کرنے سے پہلے درج ذیل ہدایات کو غور سے پڑھیے۔ (ہدایات برائے طلباء ایسوسی ایٹ ڈگری، بی ایس، بی ایڈ، ایم اے، ایم ایس سی، ایم ایڈ، ایم فل اور پی ایچ ڈی)**

1. تمام سوالات لازمی ہیں اور تمام سوالات کے نمبر مساوی ہیں البتہ سوال کی نوعیت کے مطابق نمبر تقسیم ہوں گے۔
2. سوالات کو توجہ سے پڑھیے اور سوال کے تقاضے کے مطابق جواب تحریر کیجیے۔۔ سوال کے تمام اجزاء کا جواب دیں۔
3. ہاتھ سے تحریر شدہ یا سکین (scanned) امتحانی مشقیں قبول نہیں کی جائیں گی۔
4. ٹائپ کی گئی امتحانی مشقیں (word یا PDF فارمیٹ) میں LMS پر بروقت یا مقررہ تاریخ سے قبل اپ لوڈ کریں۔
5. مقررہ تاریخ کے بعد / تاخیر کی صورت میں امتحانی مشقیں اپ لوڈ نہ ہو سکیں گی جس کا ذمہ دار طالب علم ہی ہو گا۔
6. آپ کے تجزیاتی اور نظریاتی طرز تحریر کی قدر افزائی کی جائے گی۔
7. معلومات اور کتب، سٹڈی گائیڈ یا دیگر مطالعاتی مواد سے ہو بہو نقل کرنے سے اجتناب کیجیے۔

کل نمبر:100　　　　　　　　　　　　　　　　　　کامیابی کے نمبر:50

# امتحانی مشق نمبر 1
## (یونٹ نمبر 1 تا 4)

سوال نمبر 1 : تعلقات عامہ کے بنیادی تصور، افادیت اور موجودہ دور میں اس کی ضرورت کا جامع تجزیہ پیش کریں۔ (20)

سوال نمبر 2: ایک ادارے کی داخلی اور خارجی عوام (Internal & External Publics) کے ساتھ مؤثر تعلقات قائم کرنے میں تعلقاتِ عامہ کے کردار کی وضاحت کریں۔ (20)

سوال نمبر 3: سماجی رابطوں (Social Media) کا تعلقات عامہ میں کردار کیا ہے؟ مثال کے ساتھ بیان کریں۔ (20)

سوال نمبر 4 : کاروباری ادارے کس طرح تعلقات عامہ کے ذریعے اپنی ساکھ (Reputation) مضبوط کرتے ہیں؟ (20)

سوال نمبر 5: سرکاری اور نجی اداروں میں تعلقاتِ عامہ کے کردار کا تقابلی مطالعہ پیش کریں۔ (20)

کل نمبر:100　　　　　　　　　　　　　　　　　　کامیابی کے نمبر:50

# امتحانی مشق نمبر 2
## (یونٹ نمبر 5 تا 9)

سوال نمبر 1: ڈیجیٹل میڈیا نے تعلقاتِ عامہ کے طریقہ کار کو کس حد تک تبدیل کیا ہے؟ وضاحت کریں۔ (20)

سوال نمبر 2: تعلقاتِ عامہ کی حکمتِ عملی سازی میں تحقیق (Research) کی اہمیت کا جامع جائزہ پیش کریں۔ (20)

سوال نمبر 3: عوامی رائے (Public Opinion) کی تشکیل میں تعلقاتِ عامہ کے اثرات بیان کریں۔ (20)

سوال نمبر 4: تعلقات عامہ کی منصوبہ بندی کیوں ضروری ہے؟ اس کے مختلف مراحل اور عملی فوائد پر روشنی ڈالیں۔ (20)

سوال نمبر 5: پاکستان میں تعلقاتِ عامہ کے شعبے کو درپیش مسائل کا تجزیہ کریں۔ (20)